الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل:darulifta@gmail.com ویب سائٹ:www.jamiabinoria.net فون:2560300-2560400 فیکس:2564586

| | | | |
|---|---|---|---|
| Name | :> **Ajmal Khan** | Serial No | :> **6764** |
| Address | :> **Karachi** | Fatwa No | :> ٤٣٠٤١ |
| Subject | :> **قسطوں کا کاروبار** | Date | :> **8/11/2009** |
| Writer | :> | Email | :> |

Assalam -o-alekom Muffte sahib kiya farmaty ha ulmakaram as masla k bary may may gahreyou ka karo bar qesto far krta hu yaney 1. gare ki kul Qemat 50,0000 rupey jas may say addvance 10,0000 Baqi raqam (40,0000 rupay per 100%ya 70% )k Hesab say munafa Lga kar as ki kol Qemat 900000 rupey hujaty hay Ab ye Raqam mahwar Qesto per yane 10000 / 20000 ka hasab say laty hay 2, Gare ka chabe our Gare chalany k kagzat aun k hawalay krtay hay malkana huquq k kagazat Apnay pass rakthy hay k jab qesty khtam Ho ge tu kagazat per day tahy he. 3. as doran gare guom hujay ya jal jay tu as ka deya howa raqam aur mera baqi as per khatam hujata hay . kiya sheray lahaz say ye karobar durost ha ya nahe agar nahey to as kam ko sheray tur per krny ka tareqa batay shokreya faqat wasalam Ajmal khan

السلام علیکم مفتی صاحب

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں میں گاڑیوں کا کاروبار قسطوں پر کرتا ہوں یعنی گاڑی کی کل قیمت 50,0000 روپے جس میں سے ایڈوانس 10,0000 باقی رقم (40,0000 روپے پر 100% یا 70%) کے حساب سے منافع لگا کر اس کی کل قیمت 90,0000 روپے ہوجاتی ہے اب یہ رقم ماہوار قسطوں پر یعنی 10000/20000 کے حساب سے لیتے ہیں۔ گاڑی کی چابی اور گاڑی چلانے کے کاغذات اُن کے حوالے کرتے ہیں ملکانہ حقوق کے کاغذات اپنے پاس رکھتے ہیں کہ جب قسطیں ختم ہونگی تو کاغذات پھر دیتے ہیں 3۔ اس دوران گاڑی گم ہوجائے یا جل جائے تو اس کی دی ہوئی رقم اور میرا باقی اس پر ختم ہوجاتا ہے۔ کیا شرعی لحاظ سے یہ کاروبار درست ہے یا نہیں اگر نہیں تو اس کام کو شرعی طور پر کرنے کا طریقہ بتائیں۔ (شکریہ)

## الجواب حامداً ومصلیاً

قسطوں پر خرید وفروخت درج ذیل چار شرطوں کیساتھ شرعاً بھی جائز ہے ورنہ نہیں۔ ① پہلی شرط مجلسِ عقد میں یہ طے کرلیا جائے کہ یہ معاملہ ادھار اور قسطوں پر ہوگا ② ہر قسط کی مالیت طے کر لی جائے ③ یہ بھی طے کرلیا جائے کہ کل کتنی قسطیں ہونگی ④ کسی قسط کی تاخیر کی وجہ سے کوئی جرمانہ وغیرہ مشروط نہ ہو چنانچہ ان شرائط کو ملحوظ رکھتے ہوئے قسطوں پر مذکور گاڑی کا خریدنا بلا شبہ جائز اور درست ہے۔

(جاری ہے)

وفي الترمذي: وقد فسّر بعض اهل العلم
قالوا بيعتين في بيعة أن يقول أبيعك هذا
الثوب بنقد بعشرة وبنسيئة بعشرين ولا يفارقه
على احد البيعين فاذا فارقه على احدهما فلا بأس
اذا كان العقد على واحدة منهما (۱/ ۲۳۲)

في البحوث في قضايا معاصرة: أما الائمة
الاربعة وجمهور الفقهاء والمحدثين فقد اجازوا
البيع الموجل باكثر من سعر النقد بشرط أن
يبتين العاقدان بانه بيع مؤجل باجل معلوم
وبثمن متفق عليه عند العقد (۱/ ۷ ص)

والله تعالى اعلم
كتبه محمد علي عباسي عفي عنه
دار الافتاء جامعه بنوريه كراچي
۱۶/ رمضان المبارك ۱۴۳۰ھ

الجواب صحيح
مفتي محمد [illegible]
دار الافتاء جامعه بنوريه كراچي
۱۷/ رمضان المبارك ۱۴۳۰ھ

دار الافتاء
۲۱۰۳۴
۰۹/۹/۶

رئيس
دار الافتاء جامعه بنوريه العالميه